# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس اقبالیات(9437) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس

**(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔ البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین(Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ میں) LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد /تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی ذمے داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث /معلومات اور کتب، اسٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 5)

سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ 　　　　　　　　　　2x10=20

1- علامہ اقبال نے ایم اے کا امتحان کب پاس کیا؟

2- علامہ اقبال نے کس مضمون میں ایم اے کیا؟

3- علامہ اقبال گورنمنٹ کالج لاہور میں اسسٹنٹ پروفیسر کب منتخب ہوئے؟

4- علامہ اقبال مجلس قانون ساز کے رکن کب منتخب ہوئے؟

5- علامہ اقبال کو "سر" کا خطاب کب ملا؟

6- اقبال نے اپنا مشہور خطبہ الہ آباد کب دیا؟

7- علامہ اقبال دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے کب یورپ گئے؟

8- علامہ اقبال کے شعری مجموعے "پیامِ مشرق" میں غزلیات والے حصے کا کیا عنوان ہے؟

9- "زندہ رود" کا کیا مطلب ہے؟

10- شعر مکمل کریں "ہر لحظہ ہے مومن کی نئی شان نئی آن؟

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ 　　　　　　　　　　10+10=20

(الف) اقبال کا نظریہ عقل و عشق 　　(ب) اقبال کے حالاتِ زندگی 　　(ج) اقبال کی ابتدائی شاعری

سوال نمبر 3: علامہ اقبال کی کتاب "بانگ درا" کا مکمل تعارف پیش کیجیے۔ 　　　　　　　　　　(20)

سوال نمبر 4: فکرِ اقبال کے تخلیقی دور 1930ء تا 1938ء کا احاطہ کیجیے اور اس دوران اقبال کی سرگرمیوں کا جائزہ لیجیے۔ 　　(20)

سوال نمبر 5: اسلامی ممالک میں علامہ اقبال کی مقبولیت پر مضمون تحریر کیجیے۔ 　　　　　　　　　　(20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6تا9)

سوال نمبر1: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔　　　　　　　　　　15x2=30

1- اقبال کے انگریزی خطبات پہلی مرتبہ کس مشہور شخصیت کے دیباچے کے ساتھ شائع ہوئے تھے؟

2- اقبال کی نظمیں "معراج" اور "توحید" ان کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہیں؟

3- علامہ اقبال نے "بالِ جبریل" کا پہلے کیا نام تجویز کیا تھا؟

4- اقبال نے کس مغربی شاعر کو مجذوب فرنگی قرار دیا ہے؟

5- علامہ اقبال نے کس ہستی کو کلیم بے تجلی اور مسیح بے صلیب کہا ہے؟

6- علامہ اقبال نے مرزا غالب کو کس مغربی شاعر کا ہمنوا قرار دیا ہے؟

7- "بانگ درا" کا دیباچہ کس مشہور شخصیت نے لکھا تھا؟

8- اقبال کا شعری مجموعہ "جاوید نامہ" کب شائع ہوا؟

9- علامہ اقبال نے خودی کے کتنے مراحل بیان کیے ہیں؟

10- شعر مکمل کریں: "تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی"

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔　　　　　　　　10+10=20

(الف) اقبال کا فلسفہ "جبر و قدر"　　(ب) "اقبال کا تصورِ عقل و عشق　　(ج) اقبال کا سفرِ یورپ

سوال نمبر3: نصاب میں شامل "ضربِ کلیم" کی نظموں "صبح" اور "توحید" کا فکری و فنی جائزہ لیجیے۔　　(20)

سوال نمبر4: علامہ اقبال کے انگریزی خطبے "اجتہاد فی الاسلام" کا فکری جائزہ لیجیے۔　　(20)

سوال نمبر5: علامہ اقبال کے نظریہ خودی کی وضاحت کریں نیز خودی کو مضبوط اور کمزور کرنے والے عناصر کی نشاندہی کیجیے۔　　(20)